Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پنجاب حکومت کی جانب سے گندم کی خریداری میں تاخیر کے خلاف کسانوں کے احتجاج کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی مینڈیٹ چور حکومت کے ہاتھوں کسانوں کے معاشی قتلِ عام اور زراعت کو ناقص پالیسیوں کی بھینٹ چڑھا کر تباہ کرنے کی شدید مذمت۔ کسان دشمن حکومت کی جانب سے کسان بورڈ پنجاب کے سربراہ کی گرفتاری سمیت غیر قانونی چھاپوں کے ذریعے قیادت کو ہراساں کرنے کی بھی شدید مذمت۔ گندم کی خریداری سے متعلق نااہل اور نالائق حکومت کی ناقص پالیسوں کے باعث کسان اوپن مارکیٹ میں سرکاری نرخ سے کہیں کم پر گندم بیچنے پر مجبور ہے، تاریخ گواہ ہے کہ جاتی امراء کے کسان اور عوام دشمن قزاقوں کے ہاتھ جب بھی اقتدار لگا ہے انہوں نے کسان کا بدترین معاشی استحصال کیا ہے، ایک نکمّی، نااہل اور مجرم حکومت کی بدترین معاشی پالیسیوں کا سارا بوجھ کسان پر لادنے کی روش نہایت قابلِ مذمت ہے، کسان کو امدادی قیمت سے بیس پچیس فیصد کم نرخوں پر گندم کی فروخت کے امکانات سے دیہی معیشت خصوصاً کسان کو اربوں روپے کے نقصان کا تخمینہ لگایا جارہا ہے، تا کتوبر میں حکومت کی جانب سے ضرورت سے زائد 30 لاکھ ٹن گندم درآمد کرنے کا خمیازہ آج کسانوں کو بھگتنا پڑ رہا ہے، حکومت وضاحت پیش کرے کہ بلا ضرورت انتہائی مہنگے داموں درآمد کی گئی گندم کے پیچھے کیا حکمت عملی کارفرما تھی اور اس کے کیا مثبت اثرات سامنے آئے، امدادی قیمت سے نہایت کم نرخوں پر گندم کی فروخت اور حکومت کی جانب سے گندم کی خریداری میں تاخیر جیسی بدانتظامیوں کا براہِ راست اثر مہنگے آٹے کی صورت عوام پر مرتب ہوگا، عمران خان کی حکومت نے ملکی معیشت کو اپنے پیر پر کھڑا کرنے کیلئے کسان کی معیشت سنوارنے اور اسے اس کی محنت کا بہتر صلہ دینے کی قابلِ تحسین پالیسی اپنائی، تحریک انصاف کی حکومت کے دوران ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ کسان کو معقول، بروقت ادائیگیاں کروائی گئیں اور کسان کی خوشحالی کیلئے مجموعی طور پر 11 سو ارب روپے دیہی معیشت میں شامل ہوئے، آج بھی خیبر پختونخوا حکومت نے عمران خان کی کسان دوست پالیسی کے تحت کسانوں کے استحصال کو روکنے کیلئے 3900 کے نرخ پر گندم کی خریداری کا لائحہ عمل مرتب کیا ہے، عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈال کر اقتدار میں بٹھائے جانے والے اب کسان کی جیب، اس کے بچوں کے مستقبل اور پاکستان کی زراعت پر کھلا ڈاکہ ڈالنے کی راہ پر گامزن ہیں، فاشسٹ پنجاب حکومت کی جانب سے ملکی معیشت کیلئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والے کسانوں کے خلاف طاقت کا بے دریغ استعمال شرمناک ہے جو ملک میں ایک نئے عدم استحکام کی راہ ہموار کرے گا،

پاکستان تحریک انصاف اپنے کسان کیساتھ کھڑی ہے اور مینڈیٹ چوروں کو کسی صورت کسان کی زندگی اور ملکی معیشت تباہ کرنے کی اجازت نہیں دے گی، پنجاب حکومت کسان کا معاشی قتلِ عام ترک کر کے کسانوں کے مطالبات تسلیم کرے اور کسان کو فوراً اس کا جائز حق فراہم کیا جائے، نگران دورِ حکومت میں مقامی گندم کی ریکارڈ پیداوار کے باوجود اربوں روپوں کی گندم درآمد کرنے والے ذمہ داران کو بھی کٹہرے میں کھڑا کیا جائے اور ان سے جواب طلب کیا جائے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ